مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے زیر اہتمام

بین المدارس مقابلہ ترجمہ قرآن مجید و بخاری شریف کا انعقاد

سات مدارس کے اکیس طلبہ شریک ہوئے

ممتحنین کے فرائض

شیخ الحدیث مولانا عبدالحمید ہزاروی' مولانا محمد عبداللہ امجد اور مولانا عبدالرشید راشد نے سرانجام دیئے۔ جبکہ مولانا محمد اعظم ناظم تعلیمات مرکزیہ نے نگرانی کی۔

بتاریخ 15 نومبر مرکزی جمعیت اہلحدیث کے زیر اہتمام بین المدارس مقابلہ ترجمہ قرآن مجید اور بخاری شریف جامعہ سلفیہ میں منعقد ہوا۔ جس میں سات مدارس کے اکیس طلبہ شریک ہوئے۔ ظہر سے عشاء تک امتحان کا سلسلہ جاری رہا۔ جن مدارس کے طلبہ شریک ہوئے ان کے نام درج ذیل ہیں:

جامعہ سلفیہ فیصل آباد' جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ' جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن' جامعہ اثریہ پشاور' جامعہ کمالیہ راجوال' دارالحدیث محمدیہ جلال پور پیروالا' جامعہ رحمانیہ لاہور۔ اول دوم سوم آنے والے طلبہ کے نام درج ذیل ہیں۔

(۱)	لطیف اللہ افغانی	اول	جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ
(۲)	عبدالرافع افغانی	دوم	دارالحدیث محمدیہ جلال پور پیروالا
(۳)	نذیر احمد	سوم	جامعہ سلفیہ فیصل آباد

نماز عشاء کے بعد ایک مختصر مگر پروقار تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ رئیس الجامعہ جناب میاں نعیم الرحمان کی جانب سے گراں قدر کتابوں پر مشتمل انعامات دیئے گئے۔ اس موقعہ پر مولانا محمد اعظم نے خطاب کرتے ہوئے اس مقابلہ امتحان کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالی اور طلبہ کے درمیان تنافس پیدا کرنے اور علمی فوقیت حاصل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے دینی مدارس کی اہمیت واضح کی اور اسلامی معاشرہ کی تشکیل میں مدارس پر زور دیا۔ انہوں نے دینی مدارس کی اہمیت واضح کی اور اسلامی معاشرہ کی تشکیل میں مدارس کے کردار پر روشنی ڈالی انہوں نے مرکزی جمعیت کے سیاسی تعلیمی کردار کو سراہا اور امیر اور ناظم مرکزیہ کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر انہوں نے جامعہ کے نظم و نسق کی تعریف کی اور خصوصاً میاں نعیم الرحمان کا شکریہ ادا کیا۔